رسول اللہ ﷺ (مدینہ سے) شجرہ کے راستے سے نکلتے اور معرس کے راستے سے داخل ہوتے تھے جب مکے میں داخل ہوتے تو ثنیہ علیا سے داخل ہوتے اور ثنیہ سفلیٰ سے باہر نکلتے تھے

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (مدینہ سے) شجرہ کے راستے سے نکلتے اور معرس کے راستے سے داخل ہوتے تھے اور جب مکے میں داخل ہوتے، تو ثنیہ علیا سے داخل ہوتے اور ثنیہ سفلیٰ سے باہر نکلتے تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث عید، جمعہ اور دیگر عبادات میں راستے بدل کر آنے جانے کے استحباب کے موضوع پر ہے راستے بدلنے کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان ایک راستے سے عبادت کے لیے جائے اور دوسرے راستے سے واپس آئے مثال کے طور پر وہ دائیں جانب سے جائے اور بائیں جانب سے واپس آئے یہ رسول اللہ ﷺ سے عیدین میں ثابت ہے جیسا کہ جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم عید کے دن راستے تبدیل کرتے تھے یعنی ایک راستے سے جاتے اور دوسرے سے واپس آتے اس حدیث میں بھی یہی بیان ہوا ہے علما نے راستے تبدیل کرنے کی بہت ساری حکمتیں بیان کی ہیں، جن میں چند ایک مشہور یہ ہیں: 1۔ دونوں راستے قیامت کے دن اس کے لیے گواہ بنیں گے؛ کیوں کہ قیامت کے دن زمین انسان کے اچھے برے اعمال کی گواہی دے گی اس لیے جب وہ ایک راستے سے جائے گا اور دوسرے سے واپس آئے گا، تو دونوں راستے اس بات کے گواہ بن جائیں گے کہ اس نے نمازعید ادا کی تھی 2۔ عید جیسے اہم ترین اسلامی شعار کے اظہار کے لیے جب ہر طرف بازار بھرجائیں گے اور لوگ شہر کے راستوں میں پھیل جائیں گے، تو اس اسلامی شعار کا اظہار ہوگا عید اسلامی شعار ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کے اظہار اور اعلان کے لیے لوگوں کو صحرا میں نکلنے کا حکم دیا گیا ہے 3۔ اس کی ایک وجہ مساکین بھی ہیں، جو بازاروں میں کبھی اس راستے پر ہوتے ہیں، تو کبھی اس راستے پر ایسے راستے بدل لیا جائے، تاکہ سب پر صدقہ کیا جا سکے لیکن قریب تر بات یہ ہے کہ اصل وجہ اس شعار کا اظہار ہے؛ تاکہ نماز عید کے لیے نکلنے سے شہر کی تمام سڑکوں سے نماز عید کے شعار کا اظہار ہو جہاں تک حج کی بات ہے، تو جیساکہ اس حدیث میں مذکور ہے، رسول اللہ ﷺ نے مکے میں داخل ہوتے وقت راستے تبدیل کیا؛ مکے کی اوپری جانب سے داخل ہوئے اور نچلی جانب سے نکلے اسی طرح عرفہ جاتے وقت آپ ایک راستے سے گئے اور دوسرے راستے سے واپس ہوئے علما کا اس مسئلے میں بھی اختلاف ہے کہ کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ بطور عبادت کیا تھا یا اپنے داخل ہونے اور نکلنے کی سہولت کے مدنظر؟ کیوں کہ ممکن ہے کہ اوپری جانب سے داخل ہونا آسان ہو اور نچلی جانب سے نکلنا پہلے موقف کے قائلین کا کہنا ہے کہ یہ سنت ہے کہ مکے کی اوپری جانب سے داخل ہوا جائے اور نچلی جانب سے نکلا جائے اور یہ بھی سنت ہے کہ عرفہ میں ایک راستے سے آیا جائے اور دوسرے سے واپس جایا جائے جب کہ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ معاملے راستے کی فراہمی اور آسان ہونے کا ہے جو راستہ سہل لگے، اسے اختیار کیا جائے، بالائی والا ہو یا زیریں والا بہرحال اگر حاجی بالائی حصے سے داخل ہونے اور زیریں حصے سے نکلنے کا اہتمام کر سکے، تو یہ بہتر ہے؛ کیوں کہ اگر یہ عبادت ہے، تو ادا ہو گئی اور اگر عبادت نہیں ہے تو کوئی نقصان بھی نہیں ہوا اور اگر ایسا ممکن نہ ہو سکا، تو اس کا مکلف نہیں کیا جائے گا جیسا کہ موجودہ صورت حال ہے آج راستے یک رخی بنا دیے گئے ہیں اور اولیاء الامور کی مخالفت بھی ممکن نہیں ہے اور الحمد للہ مسئلے میں بڑی گنجائش بھی ہے


لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC
E-Da'wah Committee


النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY